| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ا' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت ، بناوٹ سے حرف 'ا' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ کو پہچان سکیں۔ | بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا' کی پہچان ، آواز بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔حرف 'ا' ہمیشہ سیدھا اور لمبا کھڑا رہتا ہے۔حرف 'ا' اپنے سے بعد میں آنے والے حروف کے ساتھ نہیں ملتا۔اس لیے اس کی کوئی آدھی شکل نہیں ہوتی۔'ا' حروف تہجی کا پہلا حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ا' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور 'ا' کے ذخیرہ الفاظ امی ، انو ، اخروٹ ، استری ، ادرک ، اونٹ ، انگوٹھا اور انگور فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔جس پر حرف 'ا' لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ا' لکھنے کو کہا جائے۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 2 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے حرف 'ا' پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔حرف 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔اور 'ا' کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔مثال کے طور پر ا-ابو، ا-امی وغیرہ۔<br>بچوں کو حرف 'ا' کے کٹ آؤٹس اور مختلف رنگ دیئے جائیں گے۔بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ا' میں انگلی کی مدد سے مختلف رنگ بھریں۔ | 20 منٹ | حرف 'ا' کٹ آؤٹس پوسٹر کلرز | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ا' کی آواز باری باری پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ا' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت ، بناوٹ سے حرف 'ا' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی اور حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا' کی پہچان ، آواز بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو استری کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ استری ہے؟ استری کو ہم کس لیے استعمال کرتے ہیں؟ کیا آپ کے کھلونوں میں استری ہے؟۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ استری کی ابتدائی آواز 'ا' کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے 'ا' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی تا کہ بچوں کا ہاتھ اوپر سے نیچے رواں ہو جائے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ مہیا کی جائے گی جس میں انگور میں حرف 'ا' میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ انگور کی ابتدائی آواز 'ا' کی ہے۔ بچوں کو حرف 'ا' کا فلیش کارڈ اور حرف 'ا' سے شروع ہونے والی اشیاء کے فلیش کارڈ اور کچھ مختلف حروف کے فلیش کارڈ ٹوکری میں رکھ دیئے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ یہ حرف کون سا ہے؟ صوتی آواز پوچھی جائے گی بچوں سے حرف 'ا' سے شروع ہونے والی اشیاء کے فلیش کارڈ الگ کرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر بچوں سے باری باری حرف 'ا' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ا' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت ، بناوٹ سے حرف 'ا' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا نام اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا' کی پہچان ، آواز بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم اخروٹ کے بارے میں بات کریں گے۔ کہ یہ Dry Fruit ہے۔ ان کو سردیوں کے موسم میں کھایا جاتا ہے۔ یہ صحت کے لیے بہت مفید ہیں۔ لیکن ان کا استعمال بہت زیادہ نہیں کرنا چاہیے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں 'ا' بنانے کی مشق کریں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ا' کو مختلف جگہوں پر لکھے جیسا کہ میز، دوست کی کمر، اپنے ہاتھ، پیشانی وغیرہ پر۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں اناناس میں رنگ بھرنے اور 'ا' پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ اناناس کی ابتدائی آواز کیا ہے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے استری اور انار کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | | | |
| | **ہوم ورک:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں انار میں رنگ بھریئے اور 'ا' پر پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ا' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت ، بناوٹ سے حرف 'ا' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ کو پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ا' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، آواز اور شروع ہونے والے الفاظ پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ا' کے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے ادرک، اونٹ، انگوٹھا، انگور دکھائی جائے گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو انگوٹھا دکھا کر Thumb Up کا نشان بنانے کو کہا جائے گا بچوں سے ادرک، اونٹ اور انگور کے بارے میں باری باری بات کی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلّمہ طلباء سے دو گروپس کی صورت میں چارٹ پیپر پر 'ا' سے انگور فنگر پرنٹس کے ذریعے بنوائیں گی اور جماعت میں چسپاں کریں گی۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 3 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ا' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملائیے نیچے دیئے گئے حرف 'ا' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ادرک، اونٹ، انگور کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>چارٹ پیپر،<br>پینٹ<br>کتاب صفحہ نمبر 3 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا' کی پہچان، آواز بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ا' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ا' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت ، بناوٹ سے حرف 'ا' لکھ سکیں۔<br>حرف 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ کو پہچان سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو حرف 'ا' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم امی اور ابو کے بارے میں بات کریں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ان کی امی کا کیا نام ہے؟ ابو کا پیشہ کیا ہے؟ وغیرہ بچوں کو Salt Tray دے کر حرف 'ا' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ا' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں سے ادرک، اونٹ، انگور کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں حرف 'ا' کی لکھائی کیجیے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ا' کی پہچان ، آواز بناوٹ اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر۔ |